## لاہور میں ادبی تنظیم تھنکرز اینڈ رائٹرز فورم کی جانب سے کل بروز جمعرات ایم کیوایم کی قیادت کے اعزاز میں استقبالیہ دیا جائے گا۔ایم کیوایم کے قائدالطاف حسین استقبالیہ سے خطاب کریں گے

## اس اجتماع میں ترقی پسند اور ملک میں تبدیلی کی سوچ کے علمبردار صحافی، دانشور اور اہلِ قلم حضرات شرکت کریں گے

لاہور۔۔۔ 8 اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کل بروز جمعرات لاہور میں ادبی تنظیم تھنکرز اینڈ رائٹرز فورم کی جانب سے ایم کیوایم کی قیادت کے اعزاز میں دیے گئے استقبالیہ سے خطاب کریں گے۔ یہ استقبالیہ لاہور پریس کلب میں شام پانچ بجے منعقد کیا جائے گا۔تھنکرز اینڈ رائٹرز فورم کے زیراہتمام ہونے والے اس اجتماع میں ترقی پسند اور ملک میں تبدیلی کی سوچ کے علمبردار صحافی، دانشور اور اہلِ قلم حضرات شرکت کریں گے۔استقبالیہ کا موضوع ''متحدہ قومی موومنٹ کی تحریکِ نو......سیاسی عمل میں تبدیلی،شعور،تشکیل اور تعمیرنو '' ہے۔استقبالیہ میں ''انجمن ترقی پسند مصنفین'' ''الاؤ ''اور دیگرادبی وثقافتی تنظیموں کے ارکان کو بھی مدعو کیا گیا ہے۔استقبالیہ میں ایم کیوایم کی اراکین رابطہ کمیٹی اور ایم کیوایم پنجاب کے دیگر ذمہ داران شرکت کریں گے۔استقبالیہ سے جناب الطاف حسین کے علاوہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر علی حسین،قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر حیدر رضوی،تھنکرز اینڈ رائٹرز فورم کے صدر ڈاکٹر افتخار حسین بخاری، پروفیسر نثار صفدر، ڈاکٹر خالد شوق اور ڈاکٹر عاصم محمود خان خطاب کریں گے۔

## گلگت بلتستان اور دیگر شمالی علاقہ جات کے کارکنان انتخابی نتائج کی پرواہ کیے بغیر پیغام حق پرستی پھیلانے کی جدوجہد جاری رکھیں۔رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔7،اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان، دیگر شمالی علاقہ جات اور ملک بھر کے 98 فیصد غریب ومظلوم عوام دیکھ اور پرکھ چکے ہیں کہ ایم کیوایم ہی ملک کی واحد سیاسی جماعت ہے جو عملی طور پر ملک سے جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے خاتمے کی پرامن جدوجہد کررہی ہے اور ملک پر غریب ومتوسط طبقے کے پڑھے لکھے اور باصلاحیت افراد کی حکمرانی تک اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جس طرح پورے ملک میں ایم کیوایم کے کارکنان ثابت قدمی کے ساتھ تحریک کا فکروفلسفہ پھیلانے میں مصروف ہیں اسی طرح گلگت اور بلتستان کے کارکنان بھی انتخابی نتائج کی پرواہ کیے بغیر پیغام حق پرستی کو پھیلانے کی جدوجہد جاری رکھیں انشاء اللہ وہ دن ضرور آئیگا جب پورے ملک سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں ظلم وجبر کا خاتمہ ہوگا۔رابطہ کمیٹی نے مزید کہا کے جس طرح ایم کیوایم نے کراچی اور سندھ سے مذہبی منافرت کا خاتمہ کیا ہے انشاء اللہ گلگت بلتستان اور دیگر شمالی علاقہ جات سے بھی فرقہ واریت کا خاتمہ ہوگا اور لوگ اتحاد اتفاق اور بھائی چارے سے اپنی زندگی بسر کریں گے۔رابطہ کمیٹی نے کارکنان سے کہا کے وہ قائد تحریک کے بیانات کا بغور مطالعہ کریں اور ملکی اور بین الاقوامی حالات پر نظر رکھیں۔

## کے ای ایس سی عطائی ادارہ بن کر رہ گیا ہے اور اس کی کارکردگی صفر ہے،ارکان سندھ اسمبلی

## شہر میں بجلی کی غیراعلانیہ اور طویل دورانیئے کی لوڈشیڈنگ پر اظہار تشویش

کراچی۔۔۔7،اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کراچی میں بجلی کی غیراعلانیہ اور طویل دورانیئے کی لوڈشیڈنگ کے باعث عوام میں پائی جانے والی بے چینی اور کاروباری سرگرمیوں پر اس کے منفی اثرات پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ کے ای ایس سی عطائی ادارہ بن کر رہ گیا ہے اور اس کی کارکردگی صفر ہے۔انہوں نے کہا کہ ایک جانب کے ای ایس سی کے صارفین کو زائد بلنگ کی شکایات ہیں جبکہ دوسری جانب کے ای ایس سی بجلی کی غیراعلانیہ اور طویل دورانیئے کی لوڈشیڈنگ کرکے شہر کی روشنیوں، ترقی وخوشحالی کے عمل اور کاروباری وصنعتی سرگرمیوں پر قدغن لگارہی ہے اور عوام کی جانب سے بار بار شکایات کے ازالہ کیلئے کی جانے والی درخواستوں پر عملدرآمد نہ ہونے اور گرمی کے موسم میں بجلی نہ ہونے کے سبب شدید غم وغصہ اور اشتعال پایا جارہا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ کے ای ایس سی کی جانب سے کئی بار یہ دعوے کئے جاچکے ہیں کہ وہ بجلی کی لوڈشیڈنگ پر قابو پالیں گے لیکن تاحال عوام کے ای ایس سی کی انتظامیہ کے ان دعوؤں میں سے ایک کو بھی سچ ثابت ہوتا نہیں دیکھ رہے ہیں جس سے ثابت ہوتا ہے کہ کے ای ایس سی اور اس کی انتظامیہ مجرمانہ غفلت اور کوتاہی کی مسلسل مرتکب ہورہی ہے۔ارکان سندھ اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ کے ای ایس سی کی ناقص کارکردگی کا سختی سے نوٹس لیا جائے، ادارے کو قومی تحویل میں لیکر عوام کو بجلی کے بحران کے

عذاب سے نجات دلائی جائے اور بجلی کی لوڈ شیڈنگ کے باعث عوام کے کاروباری، صنعتی، گھریلو نقصانات اور ان کے روزمرہ معمولات زندگی متاثر ہونے پر کے ای ایس سی کی انتظامیہ سے باز پرس کی جائے۔

## دبئی اونٹ ریس میں ملک کے معماروں کو استعمال کرنے والے سیاستدانوں کو قانون کے مطابق سخت ترین سزا دی جائے، حق پرست ارکان سینیٹ

کراچی ۔۔۔7، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سینیٹ نے دبئی میں اونٹ ریس کے لیے گھوٹکی اور رحیم یار خان کے 55 معذور بچوں کی اسمگلنگ میں بااثر سیاستدانوں کے ملوث ہونے پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ اس گھناؤنے کاروبار کو فی الفور بند کرایا جائے اور اس میں ملوث سیاستدان کو قانون کے مطابق سخت سے سخت ترین سزا دی جائے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ دبئی میں اونٹ ریس میں استعمال کئے جانے والے رحیم یار خان اور گھوٹکی سے تعلق رکھنے والے 55 معذور بچے گزشتہ روز وطن واپس پہنچے ہیں اور انہیں دبئی بھجوانے میں بااثر سیاستدانوں کا نام لیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے معماروں کو دبئی اونٹ ریس میں بھیجنے والے اور انہیں معذوری میں مبتلا کرنے والے جتنے بھی بااثر ہوں وہ ملک کے قانون سے تو بچ سکتے ہیں لیکن اللہ تعالیٰ کے عذاب سے محفوظ نہیں رہ سکتے۔ انہوں نے بچوں کی واپسی کیلئے حکومت سندھ اور یونیسیف کی جانب سے کی جانے والی کوششوں اور معذور بچوں کا وظیفہ باندھنے پر انہیں زبردست خراج تحسین بھی پیش کیا۔ حق پرست ارکان سینیٹ نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ اونٹ ریس کیلئے معصوم بچوں کو دبئی بھیجنے کے گھناؤنے کاروبار میں ملوث بااثر افراد کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے اور انہیں قانون کے مطابق سخت سے سخت ترین سزا دی جائے۔

## محبان پاکستان اوورسیز کے تحت 8 اکتوبر کو افضاء لان گلستان جوہر میں عید ملن پارٹی اور عشائیہ کا اہتمام

کراچی ۔۔۔7، اکتوبر 2009ء

محبان پاکستان اوورسیز کے زیر اہتمام مورخہ 8، اکتوبر 2009ء بروز جمعرات، شام 6 بجے افضاء لان ST-1 بلاک 1 بالمقابل آباد آفس گلستان جوہر کراچی میں عید ملن پارٹی اور عشائیہ کا اہتمام کیا گیا ہے۔ اس عید ملن پارٹی کا اہتمام سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، کویت، دوحہ، قطر، مسقط اور عمان سے آئے ہوئے محبان پاکستان اوورسیز کے کارکنان اور ان کی فیملیز کیلئے کیا گیا ہے جس میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی، حق پرست وزراء، مرکزی کمیٹی محبان پاکستان کراچی کے ذمہ داران بھی شرکت کریں گے۔

## حق پرست رکن سندھ اسمبلی نثار پہنور نے وزارت کا حلف اٹھانے کے بعد عزیز آباد اور پاپوش نگر کے قبرستان جا کر حق پرست شہداء کی قبروں پر حاضری دی

کراچی ۔۔۔7، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست رکن سندھ اسمبلی نثار پہنور نے وزارت کا حلف اٹھانے کے بعد عزیز آباد اور پاپوش نگر کے قبرستان جا کر حق پرست شہداء اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے والدین کی قبروں پر حاضری دی اور پھولوں کی چادر چڑھائی۔ اس موقع پر انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی والدہ خورشید بیگم والد نذیر حسین، بڑے بھائی ناصر حسین شہید، بھتیجے عارف حسین شہید اور تمام حق پرست شہداء کے بلند درجات اور ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

## جمعیت کی جانب سے گورنمنٹ ڈی جے سائنس کالج میں اساتذہ کرام کو تشدد کا نشانہ بنانا تعلیمی اداروں کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازش کا حصہ ہے، ارکان قومی اسمبلی

کراچی ۔۔۔7، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے گورنمنٹ ڈی جے سائنس کالج میں جماعت اسلامی کی بغل بچہ تنظیم جمعیت کے غنڈہ عناصر کی جانب سے اساتذہ کرام کو

بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنانے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اورامتحانات کے دوران پرتشدد کارروائی کوتعلیمی اداروں کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازش قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ اسلامی جمعیت طلبہ کے غنڈہ عناصر نے جس طرح سے اساتذہ کرام کو بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنایا اوران کی تذلیل کی وہ نہ صرف قابل مذمت بلکہ قابل گرفت فعل ہےاوراس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ اساتذہ کرام کوعزت واحترام کا درجہ دینے کے بجائے انہیں تشدد کا نشانہ بنانے سے ثابت ہوگیا ہے کہ اسلامی جمعیت طلبہ کے غنڈہ عناصر بالکل اسی طرح تعلیمی اداروں کا امن تباہ کررہے ہیں جس طرح سے اس کی سربراہ تنظیم جماعت اسلامی ملک کا امن تباہ کررہی ہے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدرمملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباداوروزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ گورنمنٹ ڈی جے سائنس کالج میں امتحانات کے دوران اساتذہ کرام کو بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنانے میں ملوث جمعیت کے غنڈہ عناصرکوفی الفور گرفتار کرایا جائے اورشہر کا تعلیمی امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازش کاسختی سے نوٹس لیا جائے۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارتعزیت

کراچی۔۔۔7، اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی ماری پورسیکٹر کے کارکن محمد اکبر کی والدہ بی بی آمنہ اورایم کیوایم برنس روڈ سیکٹر یونٹ 22 کے کارکن سلمان کی والدہ نفیسہ بیگم کے انتقال پر دلی افسوس اورتعزیت کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆